# لعاب جمع کرنے کے حوالے سے ہدایات




**1 اوقات:** کوشش کریں کہ نمونہ صبح میں معائنے کے لیے پہنچانے سے پہلے ہی لیا جائے۔ اگر آپ اسے ایک رات پہلے لیتے ہیں تو، اسے پہنچانے تک فریج میں رکھیں۔ براہ کرم اپنا نمونہ لینے سے 30 منٹ پہلے سے کھانے، پینے، چیونگم چبانے، تمباکو نوشی کرنے، یا ویپنگ کرنے سے گریز کی کوشش کریں۔




**2 بیگ کھولیں:** بیگ میں نیلے رنگ کی قیف (Funnel) اور نیلے ڈھکن والی ایک ٹیوب ہے۔ ٹیوب کے اندر مائع ہوتا ہے۔ احتیاط سے نیلا ڈھکن کھولیں، اسے بہنے سے بچائیں، اور ٹیوب کو اوپر کے رخ پر کھڑا کر کے پکڑیں۔ قیف کے لمبوترے حصے کو ٹیوب کے اندر رکھیں۔



**3 قیف میں تھوکیں:** قیف میں آرام سے تھوکیں۔ لعاب کو نگلے بغیر اپنے منہ میں جمع کریں، پھر قیف میں تھوکیں۔ لعاب بنانے میں مدد کے لیے کسی مزے دار یا کھٹی چیز کے بارے میں سوچیں۔




**4 سرخ لکیر تک بھریں:** کنٹینر میں اتنی مقدار میں تھوکیں کہ وہ سرخ لکیر تک پہنچ جائے - اس میں کچھ منٹ لگ سکتے ہیں۔ لعاب میں موجود کسی بھی بلبلے کو نظر انداز کریں، بلبلے کل مقدار میں شمار نہیں ہوتے ہیں۔



**5 قیف کو پھینک دیں:** قیف کو ہٹا دیں اور اسے کچرے میں پھینک دیں۔ ٹیوب پر نیلا ڈھکن دوبارہ لگا دیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بہہ جانے سے بچانے کے لیے ڈھکن مضبوطی سے بند کیا گیا ہے۔ اگر آپ بچے ہیں، تو کسی بڑے سے مدد لیں۔



**6 اسے مکس کریں:** ڈھکن مضبوطی سے بند کرنے کے بعد، ٹیوب کو آہستہ سے 3-5 بار ہلائیں تاکہ اندر ہر چیز کو مکس کیا جاسکے۔




**7 ٹیوب پر لیبل لگائیں:** لیبل پر اپنی تاریخ پیدائش کے ساتھ اپنا پہلا اور آخری نام قانونی لکھیں۔ لیبل کو ٹیوب پر عمودی طور پر چسپاں کریں۔ یاد رکھیں، اگر آپ کے نمونے کو صحیح طریقے سے لیبل نہیں کیا گیا ہو، تو ہم اس پر کارروائی نہیں کرسکیں گے۔




**8 درخواست کو مکمل کریں:** اپنی لیبارٹری کی درخواست کو مکمل بھریں۔ اپنا مکمل قانونی نام لکھیں جو آپ کے صحت کارڈ پر موجود نام کے مطابق ہو۔




**9 تھیلے میں بند کرنا:** اپنے لیبل والے لعاب کے نمونے کو اسی پلاسٹک بیگ میں دوبارہ ڈالیں جس میں یہ آیا تھا۔ بیگ کو بند کر دیں۔ لیبارٹری کی درخواست والے مکمل کردہ کاغذ کو تہہ کریں اور اسے پلاسٹک بیگ کی بیرونی جیب میں رکھیں۔

**10 نمونہ پہنچانا:** اِسپٹ کِٹس (Spit-kits) کو اپنے اسکول میں **'لعاب کی کٹ رکھنے' (Saliva Kit Drop-off)** کے مقام پر کولر کے اندر رکھا جاسکتا ہے۔ اگلے دن نتائج حاصل کرنے کے لیے، اپنا نمونہ کوریئر کی آپ کے اسکول میں آمد کے وقت سے پہلے پہنچا دیں (آپ اپنے اسکول لیڈ سے کوریئر کے اوقات کی معلومات کی تصدیق کر سکتے ہیں)۔ اگر آپ جمعے کے دن کوریئر کے نمونے لے جانے کے بعد اپنا نمونہ چھوڑنے جاتے ہیں تو، براہ کرم اپنے نمونے کو ویک اینڈ پر فریج میں رکھیں اور اسے پیر کو واپس لا کر چھوڑیں۔ یہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ نمونے کا درجہ حرارت ویک اینڈ پر مستحکم رہتا ہے۔

### لیبلنگ کے لیے تجاویز

براہ مہربانی اپنے مکمل قانونی ناموں کے ساتھ درخواست مکمل کریں۔ ہم اس وقت ترجیحی ناموں کو قبول نہیں کرسکتے ہیں۔

درخواست پر موجود پہلا اور آخری قانونی نام، تاریخ پیدائش کے ساتھ، نمونے کے لیبل پر موجود پہلے اور آخری نام اور تاریخ پیدائش سے ملتا ہو۔

اپنے نمونے کو لیبل کرنا یاد رکھیں۔ غیر لیبل شدہ نمونوں پر کارروائی نہیں کی جا سکتی۔

لعاب کے بارے میں ہماری بذریعہ ویڈیو ہدایات دیکھنے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں یا وزٹ کریں
www.sickkids.ca/salivatestingprogram

SickKids®